باب 6 ایکولبریا Equilibria

سوال 1: اریورسیبل ری ایکشنز سے کیا مراد ہے؟ ان کی کچھ خصوصیات لکھیں۔

جواب: اریورسیبل ری ایکشنز (Irreversible Reactions): اریورسیبل ری ایکشنز ایسے کیمیکل ری ایکشنز ہیں جو ایک بار مکمل ہونے کے بعد واپس اپنی ابتدائی حالت میں نہیں آسکتے۔ ایسے ری ایکشنز میں اگر ری ایکٹنٹس کی مقدار کیمیائی ایکویشن کے مطابق لی جائیں تو ری ایکشن ختم ہونے کے بعد کوئی ری ایکٹنٹ باقی نہیں بچتا۔

علامت: اسے ایک تیر کے نشان (→) سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

$$NaCl_{(aq)} + AgNO_{3(aq)} \longrightarrow AgCl_{(s)} + NaNO_{3(aq)}$$

خصوصیات

(i) اریورسیبل ری ایکشنز صرف آگے کی طرف وقوع پذیر ہوتے ہیں

(ii) ایک بار شروع ہونے کے بعد ری ایکشن مکمل ہوتا ہے اور تمام ری ایکٹنٹس پراڈکٹس میں تبدیل ہو جاتے ہیں۔

(iii) یہ ری ایکشنز ایکسوتھرمک اور اینڈوتھرمک دونوں ہو سکتے ہیں۔

سوال 2: ری ورسیبل ری ایکشنز سے کیا مراد ہے؟ ان کو کیسے ظاہر کیا جاتا ہے؟ مثال دیں اور ان کی اہم خصوصیات تحریر کریں۔

جواب: ری ورسیبل ری ایکشنز (Reversible Reactions): وہ کیمیکل ری ایکشنز جن میں پراڈکٹس دوبارہ ری ایکٹنٹس میں تبدیل ہو سکتے ہیں ری ورسیبل ری ایکشنز کہلاتے ہیں۔

علامت: انھیں دو آدھے سر والے تیر کے نشان (Half headed arrows) (⇌) سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

مثال:
$$N_{2(g)} + 3H_{2(g)} \underset{Fe}{\overset{400oC,200atm}{\rightleftharpoons}} 2NH_{3(g)}$$

وضاحت: اس ری ایکشن میں نائٹروجن گیس کا ایک مول تین مولز ہائیڈروجن گیس سے ری ایکشن کے لیے موجود کنڈیشنز پر دو مولز امونیا گیس بناتا ہے۔ امونیا گیس بننے کے بعد تحلیل ہو کر دوبارہ ری ایکٹنٹس بنانا شروع کر دیتی ہے۔ ری ایکشن میں حصہ لینے والی تینوں اشیا بیک وقت ری ایکشن مسکچر میں پائی جاتی ہیں۔

خصوصیات

(i) ریورسیبل ری ایکشنز دونوں سمتوں یعنی آگے کی طرف اور پیچھے کی طرف وقوع پذیر ہوتا ہے۔

(ii) یہ ری ایکشنز کبھی مکمل نہیں ہوتے۔

(iii) یہ ری ایکشنز ایکسوتھرمک اور اینڈوتھرمک دونوں ہو سکتے ہیں۔

سوال 3: آپ ایک ریورسیبل ری ایکشن کو اریورسیبل کیسے بنا سکتے ہیں؟

جواب: ایک ری ورسیبل ری ایکشن اس وقت مکمل ہو جاتا ہے جب پراڈکٹس میں سے کسی ایک کو کسی طرح ری ایکشن مکسچر سے نکال لیا جائے یا پھر ری ایکشن کا ایک پراڈکٹ لازمی طور پر گیس ہو اور وہ بنتے ہی بیرونی ہوا میں جذب ہو جائے۔ مثلاً جب کیلشیم کاربونیٹ کو ایک خاص ٹمپریچر تک گرم کیا جاتا ہے تو یہ تحلیل ہو جاتا ہے۔

www.ilmkidunya.com

$$CaCO_{3(s)} \xrightleftharpoons{\text{ہیٹ}} CaO_{(s)} + CO_{2(g)}$$

اگر اوپر والا ری ایکشن ایک کھلے برتن میں کیا جائے تو کاربن ڈائی آکسائڈ باہر نکل کر ہوا میں شامل ہو جائے گی اور ری ایکشن خود بخود مکمل ہو جائے گا۔ اس کے برعکس اگر ری ایکشن ایک ایسے برتن میں کیا جائے جو اوپر سے بند ہو تو کاربن ڈائی آکسائڈ کیلشیم آکسائڈ سے ری ایکٹ کر کے واپس کیلشیم کاربونیٹ بنا دے گی۔

سوال 4: ہائیڈریٹیڈ کاپر سلفیٹ کو گرم کرنے سے کیا ہوتا ہے؟ وضاحت کریں۔ یہ سالٹ گرم کرنے سے پہلے رنگ دار نظر آتا ہے اور گرم کرنے کے بعد اس کا رنگ ختم ہو جاتا ہے۔ ایسا کیوں ہے؟

جواب: کیمیائی تبدیلیوں کے علاوہ بعض طبعی تبدیلیاں بھی ری ورسیبل ہو سکتی ہیں۔ کاپر سلفیٹ پینٹا ہائڈریٹ ($CuSO_4.5H_2O$) نیلے رنگ کا ایک اہم سالٹ ہے۔ جب یہ سالٹ کافی زیادہ گرم کیا جاتا ہے تو اس کا رنگ سفید ہو جاتا ہے۔ یہ طبعی تبدیلی ذیل میں درج ذیل ایکولبریم کی وجہ سے وقوع پذیر ہوتی ہے۔

$$CuSO_4 \cdot 5H_2O_{(s)} \xrightleftharpoons{\text{ہیٹ}} CuSO_{4(s)} + 5H_2O_{(g)}$$

ہائیڈریٹیڈ کاپر سلفیٹ — این ہائڈرس کاپر سلفیٹ

جب سفید رنگ کا کاپر سلفیٹ ہوا میں سے نمی جذب کرے گا تو دوبارہ نیلا ہو جائے گا۔

سوال 5: کیا طبعی تبدیلیاں ری ورسیبل ہو سکتی ہیں؟ ایک مثال کے ذریعے وضاحت کریں۔

جواب: کیمیائی تبدیلیوں کے علاوہ بعض طبعی تبدیلیاں بھی ری ورسیبل ہو سکتی ہیں۔

مثال: کاپر سلفیٹ کی طرح کوبالٹ کلورائڈ ہیگزا ہائڈریٹ ($CoCl_2.6H_2O$) کا رنگ گلابی ہے جب اسے گرم کیا جاتا ہے تو یہ نیلے رنگ کے این ہائڈرس کوبالٹ کلورائڈ $CoCl_2$ میں تبدیل ہو جاتا ہے۔

$$CoCl_2 \cdot 6H_2O_{(s)} \xrightleftharpoons{\text{ہیٹ}} CoCl_{2(s)} + 6H_2O_{(g)}$$

ہائیڈریٹیڈ کوبالٹ کلورائیڈ (گلابی) — این ہائڈرس کوبالٹ کلورائیڈ (نیلا)

جب این ہائڈرس کوبالٹ کلورائڈ پانی جذب کرنا شروع کر دیتا ہے تو پہلے ڈائی ہائڈریٹ میں تبدیل ہوتا ہے جو بنفشی رنگ کا ہے۔ یہ ڈائی ہائڈریٹ پھر چار پانی کے مالیکیولز میں تبدیل ہو کر گلابی رنگ اختیار کر لیتا ہے۔

$$CoCl_2 \xrightleftharpoons{\text{بہت کم پانی}} CoCl_2 \cdot 2H_2O \xrightleftharpoons{\text{پانی}} CoCl_2 \cdot 6H_2O$$

کوبالٹ ہیگزا ہائیڈریٹ (گلابی) — کوبالٹ کلورائیڈ ہائیڈریٹ (بنفشی) — این ہائیڈرس کوبالٹ کلورائیڈ (نیلا)

سوال 6: ڈائنامک ایکولبریم سے کیا مراد ہے؟ وضاحت کریں کہ اسے کیسے حاصل کیا جاتا ہے؟

جواب: **ڈائنامک ایکولبریم (Dynamic Equilibrium):** ڈائنامک ایکولبریم ایک ایسی حالت ہے جہاں ری ورسیبل ری ایکشن دونوں سمتوں میں ایک ہی رفتار سے ہو رہا ہوتا ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ اگرچہ ری ایکشن رک نہیں گیا لیکن ری ایکٹنٹس اور پراڈکٹس کی مقدار میں مجموعی طور پر کوئی تبدیلی نظر نہیں آتی۔

وضاحت اگر ایک ری ورسیبل ری ایکشن شروع کرنے کے لیے ری ایکٹنٹس کو آپس میں ملایا جائے تو ری ایکشن پہلے صرف فارورڈ سمت میں چلے گا۔ کچھ عرصہ بعد جب پراڈکٹس کا ارتکاز کافی بڑھ جائے گا تو پھر یہ ری ایکشن ریورس سمت میں چلنا شروع ہو گا۔ یہ ری ایکشن دونوں سمتوں میں چلے گا جب تک کہ فارورڈ سمت میں چلنے والے ری ایکشن کا ریٹ ریورس سمت میں چلنے والے کے ریٹ کے برابر نہ ہو جائے۔ دوسرے الفاظ میں ری ایکشن کا

www.ilmkidunya.com

فارورڈ سمت میں چلنے کی وجہ سے ری ایکٹنٹس کے مالیکیولز کی تعداد جتنی کم ہوگی اتنے ہی یہ مالیکیولز ری ایکشن کی پچھلی سمت میں چلنے کی وجہ سے بن جائیں گے۔ پراڈکٹس کے مالیکیولز کے لیے بھی یہی صورت حال ہوگی۔ اس حالت میں ہم کہتے ہیں کہ ری ایکشن نے کیمیکل ایکولبریم کی حالت اختیار کر لی ہے۔ چونکہ اس حالت میں ری ایکٹنٹس اور پراڈکٹس کے مالیکیولز کا ارتکاز مستقل ہو جاتا ہے اس لیے ایسا محسوس ہوتا ہے کہ ری ایکشن بظاہر رُک گیا ہے۔ لیکن دراصل صورتحال کچھ اس طرح ہے کہ ری ایکشن فارورڈ سمت میں بھی چل رہا ہے اور ریورس سمت میں بھی۔ لہٰذا ایکشن کے دونوں سمتوں میں چلنے کے ریٹس اس حالت میں برابر ہو جاتے ہیں اس لیے ری ایکشن کی اس حالت کو ڈائنامک ایکولبریم کہتے ہیں۔ اس حالت میں ری ایکٹنٹس اور پراڈکٹس کے ارتکاز مستقل ہو جاتے ہیں۔

مشق

1- اس دنیا میں پانی کی تین حالتوں کے درمیان جو ڈائنامک ایکولبریم موجود ہے اس کی وضاحت کریں۔

جواب: پانی میں ڈائنامک ایکوی لبریم کا مطلب یہ ہے کہ کسی خاص درجہ حرارت اور پریشر پر پانی اور اس کی مختلف حالتوں (برف، مائع، پانی اور بھاپ) کے درمیان تبدیلیاں ایک خاص تناسب میں ہو رہی ہوتی ہیں۔ مثلاً اگر پانی کسی بند برتن میں ہو تو مائع پانی اور اس کی بھاپ کے درمیان ڈائنامک ایکوی لبریم پایا جاتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ جتنے پانی کے ذرات بخارات میں تبدیل ہو رہے ہیں اتنے ہی بخارات دوبارہ پانی میں تبدیل ہو رہے ہیں۔ اس لیے بظاہر پانی کی مقدار میں کوئی خاص تبدیلی نظر نہیں آتی۔

اس طرح ایک ڈائنامک ایکولبریم پانی کی ٹھوس حالت (برف) اور مائع میں پایا جاتا ہے۔

گیس (بخارات) ⇌ مائع (پانی) ⇌ سالڈ (برف)

2- ڈائی نائٹروجن ٹیٹرا آکسائڈ (N_2O_4) ایک بے رنگ گیس ہے۔ 100 ڈگری سینٹی گریڈ پر یہ آہستہ آہستہ براؤن رنگ کی NO_2 گیس میں تبدیل ہو جاتی ہے۔ اگر N_2O_4 گیس کو ایک بند برتن میں 100 ڈگری سینٹی گریڈ پر رکھا جائے تو بتائے کہ مکسچر کا رنگ کیسے تبدیل ہوگا؟

$$\underset{\text{بے رنگ}}{N_2O_4} \overset{100^\circ C}{\rightleftharpoons} \underset{\text{براؤن}}{2NO_{2(g)}}$$

جواب: جب N_2O_4 کو $100^\circ C$ پر رکھا جائے گا تو یہ NO_2 میں تبدیل ہونا شروع ہو جائے گا کیونکہ ٹمپریچر میں اضافہ عام طور پر اینڈوتھرمک ری ایکشن کو بڑھاتا ہے اور اس ری ایکشن میں N_2O_4 کا ٹوٹنا اینڈوتھرمک عمل ہے لہٰذا کچھ دیر بعد گیس کا رنگ بے رنگ سے بھورا ہو جائے گا کیونکہ زیادہ مقدار میں NO_2 پیدا ہوگا۔

سوال 7: ریورسیبل ری ایکشن ایکولبریم کی حالت میں آنے کے لیے کتنا وقت لیتا ہے؟ مثال سے واضح کریں۔

جواب: ریورسیبل ری ایکشن ڈائنامک ایکولبریم کی حالت میں آنے کے لیے جتنا وقت لیتا ہے اس کا انحصار اس ری ایکشن پر اور ان کنڈیشنز پر ہے جن پر وہ وقوع پذیر ہوتا ہے۔

وضاحت ڈائنامک ایکولبریم کی حالت پر پہنچنے کے لیے یہ ضروری ہے کہ فارورڈ سمت میں چلنے والے ری ایکشن کا ریٹ اور ریورس سمت میں چلنے والے ری ایکشن کا ریٹ برابر ہوں۔ یہ دونوں ریٹس فوراً برابر نہیں ہو سکتے بلکہ ایسا کچھ وقت گزرنے کے بعد ہی ممکن ہوگا۔ اگر کسی ری ایکشن کا ریٹ بہت کم ہو تو ڈائنامک ایکولبریم کی حالت پر پہنچنے کے لیے اسے کچھ وقت درکار ہوگا۔

مثالیں

1- $400^\circ C$ ڈگری سینٹی گریڈ پر کیٹالسٹ کی موجودگی میں امونیا گیس کے بنے اور اس کے ڈی کمپوز ہونے کے ریٹس بہت زیادہ ہیں اس لیے یہ ریورسیبل ری ایکشن ہونے کے چند منٹوں بعد ہی ڈائنامک ایکولبریم کی حالت پر آ جائے گا۔

2- اسی طرح ذیل میں درج ایکولبریم ری ایکشن چار یا پانچ سیکنڈز میں ایکولبریم کی حالت حاصل کرلے گا۔

$$2H_2O_{(l)} \xrightleftharpoons{\text{الیکٹرک کرنٹ}} 2H_{2(g)} + O_{2(g)}$$

سوال 8: ایک ریورسیبل کیمیکل ری ایکشن کو کس طرح ڈسٹرب کیا جاسکتا ہے؟ ممکنہ طریقے لکھیں۔

جواب: اگر کوئی ریورسیبل ری ایکشن جب ڈائنامک ایکولبریم کی حالت اختیار کرلیتا ہے تو پھر وہ غیر محدود وقت کے لیے اپنی اسی حالت کو برقرار رکھے گا بشرطیکہ اس کو ڈسٹرب نہ کیا جائے۔ ایک ری ورسیبل کیمیائی تبدیلی کو ذیل میں درج طریقوں سے ڈسٹرب کیا جاسکتا ہے۔

(i) ری ایکشنز میں سے کسی ری ایکٹنٹ کو شامل کرنا یا نکالنا۔

(ii) پراڈکٹس میں سے کسی پراڈکٹ کو شامل کرنا یا نکالنا۔

(iii) کیٹالسٹ کی موجودگی ہے۔

(iv) اگر ری ایکشن یا پراڈکٹس میں گیسی اشیا شامل ہیں تو پھر ری ورسیبل ری ایکشن کے پریشر کو تبدیل کرنا۔

(v) ری ایکشن کے ٹمپریچر کو تبدیل کرکے۔

سوال 9: بیان کریں کہ ری ایکٹنٹس اور پراڈکٹس کے ارتکاز میں تبدیلی ایکولبریم کو کیسے متاثر کرسکتی ہے؟

جواب: اگر کوئی سسٹم ایکولبریم کی حالت اختیار کرچکا ہے تو ری ایکٹنٹس یا پراڈکٹس میں سے کسی ایک کی خاص مقدار شامل کرنے سے ایکولبریم ڈسٹرب ہوجائے گا اس طرح اگر کسی چیز کو ری ایکشن مکسچر سے نکال لیا جائے تو بھی ایکولبریم ڈسٹرب ہوجائے گا۔

مثال: ایک ریورسیبل ری ایکشن جو کہ ایکولبریم کی حالت میں ہے:

$$N_{2(g)} + 3H_{2(g)} \xrightleftharpoons[\text{کیٹالسٹ}]{400^\circ C} 2NH_{3(g)}$$

ایکولبریم کی حالت حاصل کرنے کے بعد تمام ری ایکٹنٹس اور پراڈکٹ کے ارتکاز مستقل ہوجاتے ہیں۔ اس حالت کے دوران اگر ہم ری ایکشن کرنے والے مکسچر میں اور نائٹروجن گیس شامل کردیں گے تو اس گیس کا ارتکاز بڑھ جائے گا۔ نتیجتاً ری ایکشن کی ایکولبریم کی حالت ختم ہوجائے گی۔ ری ایکشن کی اس حالت کو دوبارہ حاصل کرنے کے لیے شامل کی گئی نائٹروجن گیس ہائڈروجن گیس سے ری ایکشن کرکے امونیا بنادے گی۔ یہ ری ایکشن اس وقت تک جاری رہے گا جب تک کہ ایکولبریم کی حالت دوبارہ نہ حاصل کرلے۔ اس ایکولبریم کی نئی حالت میں تمام ری ایکٹنٹس اور پراڈکٹس کے ارتکاز دوبارہ مستقل ہوجائیں گے۔ تاہم ارتکاز کی قیمتیں پہلی قیمتوں سے مختلف ہوں گی۔

ری ایکشن کی ایکولبریم کی حالت کو دوبارہ ڈسٹرب کرتے ہیں اس طرح کہ اس میں اس سے امونیا گیس نکال لیتے ہیں:۔ اس طرح امونیا گیس کا ارتکاز کم ہوجائے گا۔ ایکولبریم کی حالت کو دوبارہ حاصل کرنے کے لیے ضروری ہے کہ نائٹروجن اور ہائڈروجن ری ایکٹ کرکے اور زیادہ امونیا بنائیں۔ تھوڑی دیر کے بعد ایکولبریم کی حالت پر ہم پھر پہنچ جائیں گے لیکن اب ان سب ری ایکٹنٹس اور پراڈکٹس کا ارتکاز پہلے سے مختلف ہوگا۔

سوال 10: ایک ریورسیبل ری ایکشن جب ایکولبریم کی حالت پر پہنچ چکا ہو تو اس پر ٹمپریچر میں تبدیلی کے کیا اثرات ہوں گے؟

جواب: ٹمپریچر میں تبدیلی کے ایکولبریم پر اثرات: امونیا گیس کا بننا ایک ایکسوتھرمک ری ایکشن ہے جبکہ اس تحلیل ہونا ایک اینڈوتھرمک ری ایکشن ہوگا۔

$$N_{2(g)} + 3H_{2(g)} \xrightleftharpoons{\text{ہیٹ}} 2\,NH_{3(g)} \quad \Delta H = -92.4\ kJ/mole$$

اگر درج بالا ری ایکشن ایکولبریم کی حالت پر آچکا ہے اور اس حالت پر اس کا ٹمپریچر بڑھایا جائے تو ایکولبریم کی حالت ڈسٹرب ہوجائے گی۔ اس ری ایکشن کی انتھالپی چینج منفی ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ ری ایکٹنٹس کی ٹوٹل انرجی پراڈکٹس سے زیادہ ہے۔ ایکولبریم کی حالت پر ٹمپریچر کے

بڑھنے سے ری ایکشن پیچھے کی سمت چلنا شروع ہو جائے گا جس سے ری ایکٹنٹس زیادہ بننے شروع ہو جائیں گے۔ دوسرے الفاظ میں امونیا کی تحلیل بڑھ جائے گی۔ حتی کہ ری ایکشن ایکولبریم کی حالت پر دوبارہ پہنچ جائے گا۔ اسی طرح اگر ایکولبریم کی حالت حاصل کرنے کے بعد ری ایکشن کا ٹمپریچر کم کیا جائے گا تو ری ایکشن آگے کی طرف چلنا شروع ہو جائے گا اور امونیا زیادہ بنے گی۔

سوال 11: پریشر میں تبدیلی ایکولبریم پر کیسے اثر انداز ہوتی ہے؟ وضاحت کریں۔

جواب: پریشر میں تبدیلی کے ایکولبریم پر تب ہی اثرات پڑیں گے اگر ری ایکٹنٹس اور پراڈکٹس میں سے کوئی گیسی حالت میں موجود ہو گا یا پھر گیسی ری ایکٹنٹس کے مولز کی تعداد گیسی پراڈکٹس کے مولز کی تعداد سے مختلف ہو گی۔ امونیا کے بننے میں یہ دونوں شرائط پوری ہو رہی ہیں اس لیے اگر پریشر تبدیل کیا جائے گا تو اس ری ایکشن کی ایکولبریم پوزیشن ڈسٹرب ہو جائے گی۔

$$\underset{\text{ایک مول}}{N_{2(g)}} + \underset{\text{3 مولز}}{3H_{2(g)}} \rightleftharpoons \underset{\text{2 مولز}}{2NH_{3(g)}}$$

4 مولز — 2 مولز

اس ری ایکشن میں ری ایکٹنٹس اور پراڈکٹس سب گیسی حالت میں ہیں اور بننے والے مولز کی تعداد ری ایکٹنٹس کے مولز سے مختلف بھی ہے۔ اس لیے اگر اس ری ایکشن پر بڑھنے والا پریشر بڑھا دیا جائے گا تو ایکولبریم ڈسٹرب ہو جائے گی۔ دوبارہ ایکولبریم کی حالت پر آنے کے لیے ری ایکشن اُس سمت کو چلے گا جہاں مولز کی تعداد کم ہے یعنی آگے کی سمت۔ اس طرح اس ری ایکشن میں امونیا گیس زیادہ مقدار میں حاصل کرنے کے لیے اس پر پریشر بڑھایا جائے گا۔

سوال 12: ایک ریورسیبل ری ایکشن پر کیٹالسٹ کے اثرات کی وضاحت کریں۔

جواب: کیٹالسٹ کی موجودگی میں ایکولبریم پر اثرات: ایکولبریم کی حالت پر پہنچنے سے فارورڈ ری ایکشن کا ریٹ ریورس ری ایکشن کے ریٹ دونوں برابر ہو جاتے ہیں۔ اگر ایک ریورسیبل ری ایکشن کو کیٹالسٹ کی موجودگی میں کیا جائے گا تو کیٹالسٹ کی موجودگی کی وجہ سے فارورڈ ری ایکشن کا ریٹ اور ریورس ری ایکشن کا ریٹ دونوں بڑھ جائے گے۔ اس کا نتیجہ یہ نکلے گا کہ یہ دونوں ریٹس جلد برابر ہو جائیں گے اور ہم ایکولبریم کی حالت پر جلد پہنچ جائیں گے۔ دوسرے الفاظ میں کیٹالسٹ کی موجودگی کی وجہ سے ایکولبریم تک پہنچنے کے لیے جو وقت درکار ہو گا وہ کم ہو جائے گا۔

مشق

-1 آیئے ایک اور ری ورسیبل ری ایکشن پر غور کریں۔ فاسفورس پینٹا کلورائڈ تحلیل ہو کر فاسفورس ٹرائی کلورائڈ اور کلورین گیس بناتا ہے۔

$$PCl_{5(g)} \rightleftharpoons PCl_{3(g)} + Cl_{2(g)}$$

اوپر والی ایکویشن کے مطابق ایک مول گیسی فاسفورس پینٹا کلورائڈ دو مولز کی پراڈکٹس بناتا ہے۔ یہ ری ایکشن ایک اینڈوتھرمک ری ایکشن ہے۔ ان کنڈیشنز کو دیکھتے ہوئے ذیل میں درج سوالات کے جواب دیں۔

(i) اگر ری ایکشن کا پریشر بڑھایا جائے تو ایکولبریم پر اس کے کیا اثرات ہوں گے؟

جواب: اگر پریشر بڑھا دیا جائے تو ایکولبریم ڈسٹرب ہو جائے گا۔ ایکولبریم کو بحال کرنے کے لیے ری ایکشن اس طرف منتقل ہو جائے گا جس میں مولز کی تعداد کم ہو یعنی پیچھے کی طرف۔

(ii) کلورین گیس مکسچر میں شامل کرنے سے ایکولبریم پر کیا اثرات ہوں گے؟

جواب:

$$PCl_{5(g)} \rightleftharpoons PCl_{3(g)} + Cl_{2(g)}$$

اگر ہم مکسچر میں مزید "Cl_2" گیس (پراڈکٹ) شامل کرتے ہیں تو ارتکاز بڑھ جائے گا اور ری ایکشن اب اپنی ایکولبریم کی حالت کو برقرار

نہیں رکھے گا۔ دوبارہ ایکولیریم بحال کرنے کے لیے Cl_2، PCl_3 کے ساتھ ری ایکٹ کر کے PCl_5 بنائے گا۔ یہ ری ایکشن پیچھے کی طرف حرکت کرے گا۔

(iii) ٹمپریچر کے بڑھنے سے ایکولبریم پر کیا اثرات ہوں گے؟

$$PCl_{5(g)} \rightleftharpoons PCl_{3(g)} + Cl_{2(g)} \qquad \Delta H = +ve$$

جواب: اگر ری ایکشن کے مکسچر کا ٹمپریچر بڑھایا جاتا ہے تو ایکولبریم ڈسٹرب ہو جائے گا کیونکہ ری ایکشن اینڈوتھرمک ہے۔ ($\Delta H = +ve$) اس لیے ٹمپریچر میں اضافے سے ری ایکشن آگے کی طرف حرکت کرے گا۔

سوال 13: ایتھائل ایسٹیٹ کی تیاری کے لیے ایک ری ایکشن لکھیں۔

جواب: صنعتی پیمانے پر ایتھائل ایسٹیٹ کی تیاری بہت اہم ری ایکشن ہے کیونکہ ایتھائل ایسٹیٹ پینٹ انڈسٹری میں تھنر کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔

$$\underset{\text{ایتھائل الکوحل}}{C_2H_5OH_{(l)}} + \underset{\text{ایسٹیک ایسڈ}}{CH_3COOH_{(l)}} \xrightleftharpoons{\text{dil. } H_2SO_4} \underset{\text{ایتھائل ایسٹیٹ}}{CH_3COOC_2H_{5(l)}} + H_2O_{(l)}$$

سوال 14: صنعتی پیمانے پر امونیا کیسے بنائی جاتی ہے؟

جواب: صنعتی پیمانے پر امونیا گیس ہیبر اپراسس سے بنائی جاتی ہے۔ یہ ری ایکشن کیمیکل ایکولبریم کی وضاحت کی ایک عمدہ مثال ہے۔ امونیا گیس سے ہم یوریا کھاد بناتے ہیں۔ امونیا کی یہ خاصیت ہے کہ اسے مائع حالت میں آسانی سے تبدیل کیا جا سکتا ہے۔ امونیا کی اس خاصیت کو ایکولبریم کو آگے کی سمت بڑھانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ اس طرح امونیا اور ہائڈروجن گیس کی سو فیصد مقدار کو امونیا میں تبدیل کیا جاتا ہے یا ری ایکشن کو پوری طرح مکمل کروایا جاتا ہے۔

سوال 15: تھر میں موجود کوئلے کے ذخائر سے میتھین گیس کیسے حاصل کی جاتی ہے؟

جواب: صوبہ سندھ میں تھر کے مقام پر کوئلے کے بہت بڑے ذخائر موجود ہیں۔ اس کوئلے سے بجلی بنائی جا سکتی ہے۔ جب کوئلے کا سٹیم کے ساتھ ری ایکشن کیا جاتا ہے تو کاربن مونو آکسائڈ اور ہائڈروجن بنتے ہیں۔ یہ پراڈکٹس پھر ایک ری ورسیبل ری ایکشن جسے کیٹالیٹک میتھانیشن (Catalytic Methanation) کہتے ہیں، کے ذریعے میتھین گیس بناتے ہیں۔

$$\underset{\text{کوئلہ}}{C_{(s)}} + \underset{\text{واٹر گیس}}{H_2O_{(g)} \longrightarrow \underbrace{CO_{(g)} + H_{2(g)}}} \xrightleftharpoons{\text{کیٹالسٹ}} CH_{4(g)} + H_2O_{(g)}$$

سوال 16: امونیا کی تیاری میں اس کی زیادہ مقدار حاصل کرنے کے لیے آپ کون سی کنڈیشنز استعمال کریں گے؟

جواب: امونیا کی زیادہ مقدار حاصل کرنے کے لیے درج ذیل کنڈیشنز استعمال کی جائیں گی:

(i) کم درجہ حرارت: کم درجہ حرارت امونیا کی پیداوار کو بڑھاتا ہے۔

(ii) زیادہ پریشر: امونیا کی تیاری میں گیسوں کے مولز کی تعداد کم ہوتی ہے لہٰذا زیادہ پریشر امونیا کی پیداوار کو بڑھاتا ہے۔

(iii) کیٹالسٹ کا استعمال: آئرن آکسائیڈ جیسا کیٹالسٹ استعمال کرنے سے ری ایکشن کی رفتار بڑھ جاتی ہے جس سے امونیا کی پیداوار میں اضافہ ہوتا ہے۔

(iv) پروڈکٹ کو ہٹانا: امونیا کو مسلسل بناتے رہنے سے ری ایکشن آگے کی طرف بڑھتا رہتا ہے، جس سے امونیا کی پیداوار میں اضافہ ہوتا ہے۔

www.ilmkidunya.com

اہم نکات

1- زیادہ تر کیمیائی ری ایکشنز ری ورسیبل ری ایکشنز ہیں۔ ان میں ری ایکٹنٹس ری ایکشن کر کے پراڈکٹس بناتے ہیں اور پراڈکٹس دوبارہ میں تبدیل ہو جاتے ہیں۔

2- ایک ری ورسیبل ری ایکشن کبھی مکمل نہیں ہوتا۔ تاہم اس مکمل ہونے کے لیے مجبور کیا جا سکتا ہے اگر ایک یا تمام پراڈکٹس بننے کے فوراً بعد علیحدہ کر لیے جائیں۔

3- طبعی تبدیلیاں بھی ری ورسیبل ہو سکتی ہیں۔

4- ری ورسیبل ری ایکشن دونوں اطراف میں وقوع پذیر ہوتا رہے گا جب تک کہ فارورڈ ری ایکشن کا ریٹ ریورس ری ایکشن کے ریٹ کے برابر نہیں ہو جاتا۔ اس مرحلہ پر ہم کہتے ہیں کہ کیمیائی ری ایکشن کیمیکل ایکولبریم کی حالت کو پہنچ چکا ہے۔

5- چونکہ کیمیکل ایکولبریم کی حالت پر آ کر ری ایکشن بدستور فارورڈ اور ریورس سمتوں میں وقوع پذیر ہوتا رہتا ہے۔ اس لیے اس حالت کو ڈائنامک ایکولبریم کہتے ہیں۔

6- ایک ریورسیبل ری ایکشن ڈائنامک ایکولبریم کی حالت تک پہنچنے کے لیے جو وقت لیتا ہے اس کا انحصار ری ایکشن کی قسم پر اور ری ایکشن پر موجود کنڈیشنز پر ہے۔

7- ایکولبریم کی حالت پر پہنچے ہوئے ایک ری ورسیبل سسٹم کی یہ حالت کئی طرح سے ڈسٹرب کی جا سکتی ہے۔ اس کے لیے یا تو اس سسٹم میں موجود آپ ری ایکٹنٹس یا پراڈکٹس کے ارتکاز کو تبدیل کر دیں یا پھر اس حالت میں ری ایکشن کی کنڈیشنز کو تبدیل کر دیں۔ کنڈیشنز میں تبدیلی کے لیے آپ اس کا ٹمپریچر یا پریشر تبدیل کر سکتے ہیں یا پھر اس میں کیٹالسٹ ڈال سکتے ہیں۔

مشقی سوالات

1- صحیح جواب پر ٹک (✓) کریں۔

1- اگر فارورڈ اور ریورس سمتوں میں چلنے والے ری ایکشنز کے ریٹس زیادہ ہوں تو کیا ہوتا ہے۔

(الف) ایکولبریم کی حالت تک ہم جلد پہنچ جائیں گے (ب) ایکولبریم کی حالت تک ہم دیر سے پہنچیں گے

(ج) ری ایکشن ایکولبریم کی حالت تک نہیں پہنچ پائے گا

(د) ری ایکشن عملی طور پر ایک اری ورسیبل ری ایکشن ہو جائے گا

2- ہوا میں موجود کون سی گیسیں بجلی چمکنے سے ری ایکٹ کرتی ہیں۔

(الف) N_2 اور H_2O (ب) O_2 اور H_2O (ج) CO_2 اور O_2 (د) N_2 اور O_2

3- ان آرگینک کیمسٹ ایک بند برتن (A) میں ایک مول PCl_5 لے کر اسے سیل کر دیتا ہے۔ اس طرح دوسرے برتن (B) میں وہ ایک مول Cl_2 اور ایک مول PCl_3 لے کر اسے بھی سیل کر دیتا ہے۔ ان دونوں برتنوں کو پھر ایک جیسا گرم کیا جاتا ہے اور اس ری ایکشن کو ایکولبریم کی حالت پر پہنچنے دیا جاتا ہے۔ اس حالت میں دو برتنوں میں موجود اشیا کا ارتکاز کیا ہوگا؟

(الف) دونوں برتنوں میں مکسچر میں موجود اشیا کا ارتکاز ایک جیسا ہوگا۔ (ب) برتن A میں PCl_3 کا ارتکاز برتن B کی نسبت زیادہ ہوگا۔

(ج) برتن A میں PCl_3 کا ارتکاز برتن B کی نسبت کم ہوگا۔ (د) دونوں برتنوں میں ری ایکٹنٹس کے ارتکاز صفر ہوں گے۔

4- کیلشیم آکسائڈ (CaO) یا لائم سٹون، کاغذ اور شیشے کی صنعتوں میں کثرت سے استعمال ہوتا ہے۔ اس کو بنانے کے لیے کیلشیم کاربونیٹ کو ڈی کمپوز کیا جاتا ہے۔ کیلشیم کاربونیٹ کا ڈی کمپوز ہونا ایک ری ورسیبل ری ایکشن ہے۔ ذیل میں درج کون سی کنڈیشنز استعمال کر کے اس کی زیادہ سے زیادہ مقدار حاصل کی جا سکتی ہے؟

(الف) اس کو ایک بند برتن میں گرم کیا جائے گا۔ (ب) اس کو ایک کھلے برتن میں گرم کیا جائے گا۔

(ج) اس کو ایک بند برتن میں ٹھنڈا کیا جائے گا۔ (د) اس کو ایک کھلے برتن میں ٹھنڈا کیا جائے گا۔

5- ایک ری ورسیبل ری ایکشن کو ایکولبریم کی حالت تک پہنچنے کے لیے کون سی کنڈیشن کا پورا ہونا ضروری ہے؟

(الف) تمام ری ایکٹنٹس کو پراڈکٹس میں تبدیل کرنا چاہیے۔ (ب) 50% ری ایکٹنٹس کو پراڈکٹس میں تبدیل کرنا چاہیے۔

(ج) ری ایکٹنٹس اور پراڈکٹس کے ارتکاز مستقل ہو جائیں۔ (د) ری ایکشن کے مکسچر میں سے ایک پراڈکٹ کو باہر نکال لینا چاہیے۔

6- جب آپ سوڈا واٹر کی بوتل کھولتے ہیں تو اس میں سے گیس کیوں نکلنا شروع کر دیتی ہے؟

(الف) اس لیے کہ گیس کی سالوبیلٹی بڑھ جاتی ہے۔ (ب) اس لیے کہ گیس پانی میں حل نہیں ہوتی۔

(ج) اس لیے کہ گیس کو پریشر کے ساتھ حل کیا جاتا ہے اور جب پریشر کم ہوتا ہے تو یہ باہر نکلنا شروع ہو جاتی ہے۔

(د) اس لیے کہ گیس کی سالوبیلٹی زیادہ پریشر پر کم ہو جاتی ہے۔

7- ذیل میں درج ری ایکشن کو ایک بند برتن میں کیا جاتا ہے:

$$CaCO_{3(s)} \rightleftharpoons CaO_{(s)} + CO_{2(g)}$$

ایکولبریم کی حالت میں اس ری ایکشن کا پریشر بڑھایا جائے تو یہ ایکولبریم کیسے متاثر ہوگا؟

(الف) فارورڈ ری ایکشن بڑھ جائے گا۔ (ب) ریورس ری ایکشن بڑھ جائے گا۔

(ج) ریورس ری ایکشن پر اس کا کچھ اثر نہیں ہوگا۔ (د) فارورڈ ری ایکشن پر اس کا کچھ اثر نہیں ہوگا۔

8- کون سی شرط پوری ہونے پر ایک ری ایکشن ری ورسیبل بن جائے گا؟

(الف) اگر فارورڈ ری ایکشن کی ایکٹیویشن انرجی ریورس ری ایکشن جتنی ہوگی۔

(ب) اگر فارورڈ ری ایکشن کی ایکٹیویشن انرجی ریورس ری ایکشن سے زیادہ ہوگی۔

(ج) اگر فارورڈ ری ایکشن کی ایکٹیویشن انرجی ریورس ری ایکشن سے کم ہوگی۔

(د) اگر دونوں ری ایکشنز کی ایکٹیویشن انرجی صفر ہوگی۔

9- کیا ایک ریورسیبل ری ایکشن کی مدد سے کمپاؤنڈ کو بڑے پیمانے پر بنانا مفید ہوگا؟

(الف) نہیں (ب) ہاں

(ج) یہ ری ایکشن اس وقت مفید ہوگا جب ایکولبریم کی حالت میں پراڈکٹس کا ارتکاز زیادہ ہوگا۔

(د) یہ ری ایکشن اس وقت مفید ہوگا جب ایکولبریم کی حالت میں ری ایکٹنٹس کا ارتکاز زیادہ ہوگا۔

10- اگر ایک ری ورسیبل ری ایکشن کو جو ایکولبریم کی حالت پر ہو ڈسٹرب نہ کیا جائے تو اس کے پراڈکٹس کے ارتکاز پر کیا اثر پڑے گا؟

(الف) یہ مستقل رہیں گے۔ (ب) یہ لگاتار بڑھتے جائیں گی۔

(ج) یہ لگاتار کم ہوتے رہیں گے۔ (د) یہ کچھ دیر کے لیے مستقل رہیں گے اور بعد میں کم ہونا شروع ہو جائیں گے۔

www.ilmkidunya.com

1	الف	2	د	3	الف	4	ب	5	ج
6	ج	7	ب	8	الف	9	الف	10	الف

2- مختصر سوالات۔

1- ڈائنامک ایکولبریم اور سٹیٹک ایکولبریم (Static Equilibrium) میں کیا فرق ہے؟

ڈائنامک ایکولبریم	سٹیٹک ایکولبریم
جب کوئی ری ایکشن نہ رُکے اور صرف اس کے فارورڈ اور ریورس ریکشنز کے ریٹ ایک دوسرے کے برابر لیکن مخالف سمت میں ہوں تو یہ ڈائنامک ایکولبریم کی حالت کہلاتی ہے۔	جب کوئی ری ایکشن مزید آگے نہیں بڑھ رہا ہوتا تو یہ سٹیٹک ایکولبریم کہلاتا ہے۔ یہ عمل زیادہ تر طبیعی مظاہر میں رونما ہوتا ہے۔

2- ذیل میں درج ری ورسیبل ری ایکشن پر ٹمپریچر بڑھنے کے کیا اثرات ہوں گے؟

$$2H_2O_{(l)} \xrightleftharpoons{\text{بجلی}} 2H_{2(g)} + O_{2(g)}$$

جواب: ری ایکشن فارورڈ سمت میں جائے گا تاکہ زیادہ ہائیڈروجن اور آکسیجن پیدا ہوں گی۔

3- ایک ری ورسیبل ری ایکشن میں پراڈکٹس کی زیادہ سے زیادہ مقدار کیسے حاصل کی جاتی ہے؟

جواب: ایک ریورسیبل ری ایکشن میں زیادہ پیداوار حاصل کرنے کے لیے ہمیں ری ایکشن کی شرائط کو زیادہ سے زیادہ پیداوار کے حق میں ایڈجسٹ کرنا ہوگا۔ مثال کے طور پر مصنوعات کی زیادہ سے زیادہ پیداوار حاصل کرنے کا ایک طریقہ یہ ہے کہ جیسے ہی کوئی پروڈکٹ بنے، ری ایکشن مکسچر سے نکال دیا جائے۔ اس طرح پریشر اور ٹمپریچر کو بھی پروڈکٹ کے حق میں ایڈجسٹ کیا جاسکتا ہے۔

4- ایک ری ورسیبل ری ایکشن کو ایکولبریم کی حالت تک پہنچنے کے لیے جو وقت درکار ہے اس میں کیسے کمی لائی جاسکتی ہے؟

ذیل میں درج ری ایکشن پر پریشر بڑھانے سے کیا اثرات ہوں گے؟

$$N_{2(g)} + O_{2(g)} \rightleftharpoons 2NO_{(g)}$$

جواب: ہم کیٹالسٹ شامل کرکے ریورسیبل ری ایکشن میں ایکولبریم حاصل کرنے کے وقت کو کم کرسکتے ہیں۔ ذیل میں دیے گئے ری ایکشن میں ری ایکٹنٹس اور پروڈکٹس کے اطراف مولز کی تعداد ایک جیسی ہے۔ اس لیے دیے گئے ری ایکشن میں پریشر بڑھانے سے کوئی اثر نہیں ہوگا۔

3- تعمیری فکر پر مبنی سوالات (Constructed Response Questions)

1- کچھ ری ایکشنز ری ورسیبل ہوتے ہیں اور کچھ اری ورسیبل (irreversible) ایسا کیوں ہے؟

جواب: کچھ ری ایکشنز اری ریورسیبل ہوتے ہیں کیونکہ ان میں بننے والے پراڈکٹس آسانی سے عام حالات میں ری ایکٹنٹس میں تبدیل نہیں ہوسکتے جبکہ ری ورسیبل ری ایکشنز دونوں سمتوں میں ہوسکتے ہیں، یعنی پروڈکٹس واپس ری ایکٹنٹس میں تبدیل ہوسکتے ہیں۔

2- کیا آپ کسی اری ریورسیبل ری ایکشن کو ریورسیبل بنا سکتے ہیں یا اس کے برعکس کرسکتے ہیں؟

جواب: جی ہاں، اری ریورسیبل ری ایکشن کو ریورسیبل بنایا جاسکتا ہے۔ اس کے برعکس ریورسیبل ری ایکشن کو اری ریورسیبل ری ایکشنز بنایا جاسکتا ہے۔

3- آپ اس بات کا کیسے پتہ چلاتے ہیں کہ کوئی ری ایکشن ری ورسیبل ہے یا اری ریورسیبل؟

جواب: جو ری ایکشنز فارورڈ اور ریورس دونوں سمتوں میں ہوتے ہیں انھیں ریورسیبل ری ایکشنز کہتے ہیں جبکہ جو ری ایکشنز صرف ایک سمت میں

www.ilmkidunya.com

ہوتے ہیں انہیں اریورسیبل ری ایکشنز کہتے ہیں۔ ریورسیبل ری ایکشنز میں، ری ایکٹنٹس پراڈکٹس میں اور پراڈکٹس ری ایکٹنٹس میں تبدیل ہوتے ہیں۔ اریورسیبل ری ایکشنز میں، بنی ایکٹنٹس مکمل طور پر پراڈکٹس بنانے کے لیے استعمال ہوتے ہیں اور پراڈکٹس دوبارہ ری ایکٹنٹس نہیں بنا سکتے۔ اگر کسی ری ایکشنز میں بننے والے پروڈکٹس زیادہ مستحکم ہوں تو وہ آسانی سے واپس ری ایکٹنٹس میں تبدیل نہیں ہوتے ایسے ری ایکشنز زیادہ تر ری ورسیبل ہوتے ہیں۔

4- کیا پانی کی طبعی حالتوں میں تبدیلیاں (ٹھوس سے مائع اور مائع سے بخارات) ریورسیبل ہیں یا اریورسیبل؟

جواب: پانی ٹھوس سے مائع اور مائع سے بخارات میں تبدیل ہونے کا عمل ری ورسیبل ہے۔

4- تفصیلی سوالات۔

1- ایک ری ورسیبل ری ایکشن ایکولبریم کی حالت میں ہے کیا آپ اسے فارورڈ یا ریورس سمت میں چلا سکتے ہیں؟

جواب: ایکولبریم میں ریورسیبل ری ایکشن کو ٹمپریچر، ری ایکٹنٹس یا پراڈکٹس کی مقدار کو تبدیل کر کے فارورڈ یا ریورس سمت میں چلایا جا سکتا ہے۔

- اگر ری ایکشن فارورڈ سمت میں ایگزوتھرمک ہے تو ٹمپریچر میں اضافہ ایکولبریم پوزیشن کو ری ایکٹنٹس (ریورس سمت) کی طرف منتقل کر دے گا اور اگر ری ایکشن فارورڈ سمت میں اینڈوتھرمک ہے تو یہ ایکولبریم کو پروڈکٹس (فارورڈ سمت) کی سمت میں منتقل کر دے گا۔
- اسی طرح، ری ایکٹنٹس یا پروڈکٹس کی مقدار میں تبدیلی ری ایکشن کو فارورڈ اور ریورس سمت میں چلا سکتی ہے۔

2- جب ایک ریورسیبل ری ایکشن ایکولبریم کی حالت پر پہنچنے والا ہو تو فارورڈ ری ایکشن اور ریورس ری ایکشن کے ریٹس کیسے تبدیل ہوں گے؟

جواب: جب کیمیکل ری ایکشن ایکولبریم کے قریب پہنچتا ہے تو فارورڈ اور بیک ورڈ ری ایکشنز کی رفتار برابر ہو جاتی ہے۔

وضاحت: دیکھئے سوال نمبر 6

3- ایک ری ورسیبل ری ایکشن پر کیٹالسٹ کے اثرات کی وضاحت کریں۔

جواب: دیکھئے سوال نمبر 12

4- کس طرح ایک ری ورسیبل ری ایکشن کو مکمل ہونے کے لیے مجبور کیا جا سکتا ہے۔

جواب: دیکھئے سوال نمبر 3

5- ایک ریورسیبل ری ایکشن جب ایکولبریم کی حالت پر پہنچ چکا ہو تو اس پر ٹمپریچر میں تبدیلی کے کیا اثرات ہوں گے؟

جواب: دیکھئے سوال نمبر 10

5- تحقیقی سوالات (Investigative Questions)

1- ہائڈریٹیڈ کاپر سلفیٹ کو گرم کرنے سے کیا ہوتا ہے؟ وضاحت کریں۔ یہ سالٹ گرم کرنے سے پہلے رنگ دار نظر آتا ہے اور گرم کرنے سے اس کا رنگ ختم ہو جاتا ہے۔ ایسا کیوں ہے؟

جواب: کیمیائی تبدیلیوں کے علاوہ بعض طبعی تبدیلیاں بھی ری ورسیبل ہو سکتی ہیں۔ کاپر سلفیٹ پینٹا ہائڈریٹ ($CuSO_4.5H_2O$) نیلے رنگ کا ایک اہم سالٹ ہے۔ جب یہ سالٹ کافی زیادہ گرم کیا جاتا ہے تو اس کا رنگ سفید ہو جاتا ہے۔ یہ طبعی تبدیلی ذیل میں درج ذیل ایکولبریم کی وجہ سے وقوع پذیر ہوتی ہے۔

$$CuSO_4 \cdot 5H_2O_{(s)} \xrightleftharpoons{\text{ہیٹ}} CuSO_{4(s)} + 5H_2O_{(g)}$$

ہائڈریٹیڈ کاپر سلفیٹ این ہائڈرس کاپر سلفیٹ

جب سفید رنگ کا کاپر سلفیٹ ہوا میں سے نمی جذب کرے گا تو دوبارہ نیلا ہو جائے گا۔

-2 امونیا کی تیاری ایک بہت اہم صنعتی ری ایکشن ہے کیونکہ اس سے پھر یوریا کھاد بنائی جاتی ہے۔ امونیا کی تیاری میں اس کی زیادہ مقدار حاصل کرنے کے لیے آپ کون سی کنڈیشنز استعمال کریں گے؟

جواب: امونیا کی تیاری ٹمپریچر 400°C، اٹموسفیر پریشر 200am، کیٹالسٹ Fe، درج ذیل کنڈیشنز پر کی جاتی ہے۔

$$N_{2(g)} + 3H_{2(g)} \underset{(Fe)}{\overset{400oC/200atm}{\rightleftharpoons}} 2NH_{3(g)} \quad \Delta H = -92.4 \text{ kJ / mole}$$

امونیا کی زیادہ پیداوار حاصل کرنے کے لیے درج ذیل کنڈیشنز اپلائی کی جاسکتی ہیں:

- پریشر بڑھا کر۔
- کیٹالسٹ کی موجودگی۔
- نائٹروجن اور ہائیڈروجن کی مقدار میں اضافہ کر کے۔

کثیر الانتخابی معروضی سوالات

☆ درست جواب کا انتخاب کریں۔

-1 این ہائیڈرس کاپر سلفیٹ کا رنگ ہے:

(الف) نیلا (ب) سفید (ج) سیاہ (د) سبز

-2 ری ایکشن جس کی ΔH نیگیٹو ہے کہلاتا ہے:

(الف) ایگزوتھرمک ری ایکشن (ب) اینڈوتھرمن ری ایکشن

(ج) سٹیٹک ری ایکشن (د) ڈائنامک ری ایکشن

-3 اینڈتھرمک ری ایکشن میں، ΔH ہوگی:

(الف) نیگیٹو (ب) پازیٹو (ج) نہ نیگیٹو نہ پازیٹو (د) الف اور ب دونوں

-4 ڈائنامک ایکولبریم قائم کرنے کے لیے کیا شرط ہے؟

(الف) فارورڈ ری ایکشن کی رفتار، ریورس ری ایکشن کی رفتار کے برابر ہونی چاہیے۔

(ب) فارورڈ ری ایکشن کی رفتار، ریورس ری ایکشن سے کم ہونی چاہیے۔

(ج) فارورڈ ری ایکشن کی رفتار، ریورس ری ایکشن سے زیادہ ہونی چاہیے۔

(د) ان میں سے کوئی نہیں۔

-5 جب ایک سسٹم ایکولبریم میں ہوتا ہے، تو کیا ہوتا ہے؟

(الف) ری ایکٹنٹس کی مقدار پراڈکٹس کے برابر ہوتی ہے۔ (ب) ریورس ری ایکشن کی رفتار بہت کم ہو جاتی ہے۔

(ج) فارورڈ ری ایکشن رک جاتا ہے۔ (د) فارورڈ اور ریورس ری ایکشن کی رفتار برابر ہو جاتی ہے۔

-6 مندرجہ ذیل میں سے کون سا کمپاؤنڈ براؤن رنگ کا ہوتا ہے:

(الف) N_2O_4 (ب) NO_2 (ج) NH_3 (د) N_2O_3

-7 $CoCl_2.6H_2O$ کا رنگ ہے:

(الف) گلابی (ب) نیلا (ج) سبز (د) سیاہ

-8 کسی کیمیکل ری ایکشن میں جب فارورڈ ری ایکشن اور ریورس ری ایکشن کا ریٹ برابر ہو جاتا ہے تو یہ حالت کہلاتی ہے:

(الف) ایکولبریم کی حالت (ب) سٹیٹک ایکوبریم کی حالت (ج) الف اور ب دونوں (د) ان میں سے کوئی نہیں

-9 این ہائیڈرس کاپر سلفیٹ کا کیمیکل فارمولا ہے:

(الف) $CuSO_4.5H_2O$ (ب) $CuSO_4.3H_2O$ (ج) $CuSO_4.10H_2O$ (د) $CuSO_4$

-10 $CoCl_2$ کا رنگ ہے:

(الف) گلابی (ب) نیلا (ج) سبز (د) سیاہ

-11 ری ایکشنز جن میں ری ایکٹنٹس مکمل طور پر استعمال کیے جاتے ہیں:

(الف) ریورسیبل ری ایکشنز (ب) اریورسیبل ری ایکشنز

(ج) ڈائنامک ری ایکشنز (د) الف اور ب دونوں

-12 کھلے کنٹینر میں ری ایکشن $CaCO_{3(s)} \rightarrow CaO_{(s)} + CO_{2(g)}$ کسی وجہ سے مکمل ہوگا؟

(الف) زیادہ ٹمپریچر کی وجہ سے (ب) CaO کے حل نہ ہونے کی وجہ سے

(ج) CO_2 کے مسلسل ارد گرد میں خارج ہونے کی وجہ سے (د) ان میں سے کوئی نہیں

-13 جب سفید این ہائیڈرس سلفیٹ ماحول سے نمی جذب کرتا ہے تو اس کا رنگ بدل جاتا ہے:

(الف) سرخ (ب) سبز (ج) نیلے (د) سفید

-14 ڈائنامک ایکولبریم پر:

(الف) ری ایکشن مزید نہیں ہو سکتا (ب) ری ایکشن رک جاتا ہے

(ج) فارورڈ اور ریورس ری ایکشن کی رفتار برابر ہوتی ہے۔ (د) ان میں سے کوئی نہیں

-15 ریورسیبل ری ایکشنز کو ظاہر کیا جاتا ہے:

(الف) $\rightarrow$ (ب) $=$ (ج) $\rightleftharpoons$ (د) $\rightleftharpoons$

-16 مکمل شدہ ری ایکشنز مانا جاتا ہے:

(الف) اوراریورسیبل ری ایکشنز (ب) ریورسیبل ری ایکشنز

(ج) سینتھیٹک ری ایکشنز (د) ان میں سے کوئی نہیں

-17 جب ہائیڈریٹڈ کاپر سلفیٹ ($CuSO_4.5H_2O$) کو ہیٹ کیا جائے، تو اس کا رنگ بدل جاتا ہے:

(الف) سفید (ب) سبز (ج) سرخ (د) نیلے

-18 ایک اور ریورسیبل ری ایکشن میں، ڈائنامک ایکولبریم کب قائم ہوتا ہے؟

(الف) فوراً قائم ہو جاتا ہے (ب) کبھی قائم نہیں ہوتا

(ج) ری ایکشن مکمل ہونے سے پہلے قائم ہو جاتا ہے (د) ری ایکشن مکمل ہونے کے بعد قائم ہوتا ہے

-19 NO_2 گیس کا رنگ ہے:

(الف) براؤن (ب) سفید (ج) سبز (د) سیاہ

www.ilmkidunya.com

-20 پریشر کو بڑھانے سے مندرجہ ذیل ری ایکشن پر کیا فرق پڑے گا؟

$$N_{2(g)} + 3H_{2(g)} \rightleftharpoons 2NH_{3(g)}$$

(الف) فارورڈ ڈائریکشن میں حرکت کرے گا (ب) ریورس ڈائریکشن میں حرکت کرے گا

(ج) کوئی تبدیلی نہیں آئے گی (د) ری ایکشن رک جائے گا

-21 کاپر سلفیٹ پینٹا ہائیڈریٹ کا کیمیکل فارمولا ہے:

(الف) $CuSO_4$ (ب) $CuSO_4.H_2O$ (ج) $CuSO_4.5H_2O$ (د) $CuSO_4.10H_2O$

-22 کاپر سلفیٹ پینٹا ہائیڈریٹ کا رنگ ہے:

(الف) نیلا (ب) سبز (ج) سفید (د) کالا

-23 فاسفورس پینٹا کلورائیڈ کا کیمیکل فارمولا ہے:

(الف) PCl_3 (ب) PCl_5 (ج) PCl_2 (د) PCl

جوابات

1	ب	2	الف	3	ب	4	الف	5	ب	6	ب	7	الف	8	الف
9	د	10	ب	11	ب	12	ج	13	ج	14	ج	15	ج	16	الف
17	الف	18	ب	19	الف	20	الف	21	ج	22	الف	23	ب	---	---

کثیر الانتخابی مختصر سوالات

مختصر جواب دیں۔

-1 ڈائنامک ایکوی لبریم سے کیا مراد ہے؟

جواب: جب کوئی ری ایکشن نہ رُکے اور صرف اس کے فارورڈ اور ریورس ری ایکشنز کے ریٹ ایک دوسرے کے برابر لیکن مخالف سمت میں ہو تو یہ ڈائنامک ایکولبریم کی حالت کہلاتی ہے۔ ڈائنامک ایکولبریم کا مطلب ہے کہ ری ایکشن ابھی تک جاری ہے۔

-2 کس قسم کے ری ایکشنز کبھی تکمیل کو نہیں پہنچتے؟

جواب: ریورسیبل ری ایکشنز کبھی تکمیل کو نہیں پہنچتے کیونکہ اس میں ری ایکٹنٹس ری ایکٹ کر کے پروڈکٹس میں اور پھر پروڈکٹس ری ایکٹ کر کے دوبارہ ری ایکٹنٹس میں تبدیل ہو جاتے ہیں۔

-3 آپ ڈائنامک ایکولبریم کو کیسے ڈسٹرب کر سکتے ہیں؟

جواب: ڈائنامک ایکولبریم کو ری ایکٹنٹس یا پراڈکٹس کو شامل کر کے یا نکال کر اور درجہ حرارت، پریشر اور کنسنٹریشن کو تبدیل کر کے ری ایکشن کے ایکوی لبریم ڈسٹرب کیا جا سکتا ہے۔

-4 ریورسیبل ری ایکشن کو ڈسٹرب کرنے کے تین طریقوں کے نام لکھیں۔

جواب: ایک ری ورسیبل کیمیائی تبدیلی کو درج ذیل طریقوں سے ڈسٹرب کیا جا سکتا ہے۔

(i) ری ایکشنز میں سے کسی ری ایکٹنٹ کو شامل کرنا یا نکالنا

(ii) پراڈکٹس میں سے کسی پراڈکٹ کو شامل کرنا یا نکالنا

www.ilmkidunya.com

(iii) کیٹالسٹ کی موجودگی سے

5- ریورسیبل ری ایکشنز سے کیا مراد ہے؟

جواب: ریورسیبل ری ایکشنز: ایسے ری ایکشنز جن میں پروڈکٹس دوبارہ ری ایکٹنٹس بنانے کے لیے ری ایکٹ کرتے ہیں ریورسیبل ری ایکشنز کہلاتے ہیں۔ یہ ریکشنز دونوں سمتوں (فارورڈ اور ریورس) میں وقوع پذیر ہوتے ہیں۔

6- ریورسیبل ری ایکشن کی کوئی سے دو مثالیں دیں۔

جواب:

$$H_{2(g)} + I_{2(g)} \rightleftharpoons 2HI_{(g)}$$

$$N_2 + 3H_2 \underset{200\,atm\,Fe}{\overset{400^\circ C}{\rightleftharpoons}} 2NH_3$$

7- اریورسیبل ری ایکشنز سے کیا مراد ہے؟

جواب: اریورسیبل ری ایکشنز: ایسے ری ایکشنز جن میں پراڈکٹس دوبارہ سے ری ایکٹنٹس بنانے کے لیے ری ایکٹ نہیں کرتے اریورسیبل ری ایکشنز کہلاتے ہیں۔

$$NaCl_{(aq)} + AgNO_{3(aq)} \longrightarrow AgCl_{(s)} + NaNO_{3(aq)}$$

8- ایک ریورسیبل ری ایکشن کو ایکولبریم حاصل کرنے میں لگنے والا وقت کن عوامل پر منحصر ہوتا ہے؟

جواب: ایک ری ایکشن کو ایکولبریم کی حالت تک پہنچنے میں جو وقت لگتا ہے وہ ری ایکشن کی نوعیت اور ان حالات پر منحصر ہوتا ہے جن میں دیے گئے ریورسیبل ری ایکشن کو انجام دیا جاتا ہے۔

9- کیٹالسٹ کی موجودگی کی وجہ سے ریورسیبل ری ایکشن پر کیا اثر پڑتا ہے؟

جواب: جب ایک ریورسیبل ری ایکشن کسی کیٹالسٹ کی موجودگی میں کیا جاتا ہے تو یہ ایکویریم کی حالت تک پہنچنے میں لگنے والے وقت کو کم کر دیتا ہے۔

10- جب کوئی ری ایکشن اریورسیبل رہتا ہے تو کیا اس میں ڈائنامک ایکولیریم قائم ہو سکتا ہے؟

جواب: اریورسیبل ری ایکشنز کے لیے ایکولبریم قائم نہیں ہوتا۔ اری ورسیبل ری ایکشنز میں ری ایکٹنٹس ری ایکٹ کر کے پروڈکٹس بنا دیتے ہیں اور پھر دوبارہ پروڈکٹس، ری ایکٹنٹس نہیں بنا سکتے اس لیے ایسے ری ایکشنز میں ڈائنامک ایکوی لبریم قائم نہیں ہوتا۔

11- پانی کے مالیکولز اور اس کے اجزاء میں ایکوی لبریم کتنی دیر میں قائم ہو جاتا ہے؟

جواب: پانی کے مالیکیولز کا اس کے اجزاء ہائڈروجن اور آکسیجن میں کرنٹ میں ٹوٹنا اور دوبارہ بننے کا عمل قریباً چار سے پانچ سیکنڈز میں مکمل ہو جاتا ہے۔

12- ڈائی نائٹروجن ٹیٹرا آکسائڈ (N_2O_4) کو کیسے NO_2 میں تبدیل کیا جاتا ہے؟

جواب: ڈائی نائٹروجن ٹیٹرا آکسائڈ (N_2O_4) ایک بے رنگ گیس ہے اگر اس کو $100^\circ C$ پر گرم کیا جائے تو آہستہ آہستہ براؤن گیس NO_2 میں تبدیل ہو جاتی ہے۔

$$N_2O_{4(g)} \underset{}{\overset{100^\circ C}{\rightleftharpoons}} 2NO_{2(g)}$$

13- کوبالٹ کلورائڈ ہیکزا ہائڈریٹ اور این ہائڈرس کوبالٹ کلورائڈ میں تبدیلی کس ری ایکشن کے تحت آتی ہے؟

جواب: کوبالٹ کلورائڈ ہیکزا ہائڈریٹ اور این ہائڈرس کوبالٹ کلورائڈ میں تبدیلی ایک طبعی ری ایکشن (عمل) ہے۔ کوبالٹ کلورائڈ ہیکزا ہائڈریٹ

www.ilmkidunya.com

کا رنگ گلابی (Pink) ہے جب اسے گرم کیا جاتا ہے تو یہ نیلے رنگ کے این ہائڈرس کوبالٹ کلورائڈ میں تبدیل ہو جاتا ہے۔

$$CoCl_2\ 6H_2O \rightleftharpoons CoCl_2 + 6H_2O$$

(گلابی) (نیلا)

جب این ہائڈرس کو کوبالٹ کلورائڈ پانی جذب کرتا ہے تو پہلے ڈائی ہائڈریٹ میں تبدیل ہو جاتا ہے جو کہ بنفشی رنگ کا ہے۔ اس کے بعد یہ ڈائی ہائڈریٹ پھر چار پانی کے مالیکیولز اور جذب کر کے دوبارہ گلابی رنگ کا ہیکزا ہائڈریٹ بن جاتا ہے

$$CoCl_2 \underset{\text{بہت کم پانی}}{\rightleftharpoons} CoCl_2 \cdot 2H_2O \underset{\text{پانی}}{\rightleftharpoons} CoCl_2 \cdot 6H_2O$$

(نیلا) (بنفشی) (گلابی)

14- کوئلے سے متھین گیس کیسے بنتی ہے؟

جواب: جب کوئلے کو سٹیم کے ساتھ ری ایکٹ کروایا جاتا ہے تو کاربن مونو آکسائڈ اور ہائڈروجن گیس بنتی ہے یہ پروڈکٹس پھر کیٹالیٹک میتھانیشن کے ذریعے متھین گیس بناتے ہیں

$$C_{(s)} + H_2O_{(g)} \longrightarrow CO_{(g)} + H_{2(g)}$$

$$CO_{(g)} + 3H_{2(g)} \underset{\text{کیٹالسٹ}}{\rightleftharpoons} CH_{4(g)} + H_2O_{(g)}$$

15- امونیا گیس کیسے تیار کی جاتی ہے؟ اس کی اہمیت بیان کریں۔

جواب: صنعتی پیمانے پر امونیا گیس ہیبر اپراسس (Haber process) سے بنائی جاتی ہے۔ یہ ری ایکشن کیمیکل ایکولبریم کی وضاحت کی ایک عمدہ مثال ہے۔ امونیا گیس سے ہم یوریا کھاد بناتے ہیں۔ امونیا کی یہ خاصیت ہے کہ اسے مائع حالت میں آسانی سے تبدیل کیا جا سکتا ہے۔ امونیا کی اس خاصیت کو ایکولبریم کو آگے کی سمت بڑھانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ اس طرح امونیا اور ہائڈروجن گیس کی سو فیصد مقدار کو امونیا میں تبدیل کیا جاتا ہے یا ری ایکشن کو پوری طرح مکمل کروایا جاتا ہے۔

www.ilmkidunya.com